سایتاما پریفیکچر پولیس کا مرکزی
کمیونٹی سیفٹی خنرلی افیئرز ڈویژن
TEL 048-832-0110

# جرائم کی روک تھام کے لیے آگاہی

## رہزنوں سے خبردار!!



ہمارے پریفیکچر میں پیدل یا سائکل پر سوار راہگیر خواتین کو نشانہ بنا کر چیزیں چھین کر بھاگنے والی وارداتیں کثرت سے رونما ہوتی ہیں۔



## ممکنہ وارداتوں سے بچنے کے لیے



### قیمتی سامان اپنے جسم کے قریب تر رکھیے

قیمتی سامان جسم کے قریب تر مضبوطی سے رکھیے۔ مثال کے طور پر اپنا بیگ اپنے بازوؤں کے اندر رکھیے۔



### اپنے بیگ کو گاڑیوں کے گزرنے والی سائڈ سے دوسری سائڈ پر رکھیے

اپنے بیگ کو گاڑیوں کے گزرنے والی سائڈ سے دوسری سائڈ پر مضبوطی سے رکھیے۔



### ہر وقت اپنے ارد گرد کا خیال رکھیے

کوئ مشتبہ شخص قریب نہ آ رہا ہو ، کبھی کبھی پیچھے کی طرف نظر ڈالتے ہوئے ارد گرد کی خبر رکھیے۔



### سائکل کی ٹوکری پر حفاظتی کور چڑھائیے

سائکل کی ٹوکری پر حفاظتی کور صحیح طریقے سے چڑھائیے۔



سایتاما پریفیکچر پولیس کا مرکزی
کمیونٹی سیفٹی خنرلی افیئرز ڈویژن
TEL 048-832-0110

# جرائم کی روک تھام کے لیے آگاہی

# بچوں کی حفاضت کریں!!



ہمارے پریفیکچر میں بچوں کو پارک میں یا سڑک کے اوپر مشتبہ شخص کے بچوں کو مخاطب کرنے یا ضد سے ان کا تعاقب کرنے کے واقعات کثرت سے رونما ہوتی ہیں ۔



## اپنے بچوں کو گھر میں سکھانے والے چار اصول



### اکیلے نہ رہیں

پارک میں اکیلے مت کھیلیں۔
اور اکیلے اسکول آنے جانے
سے گریز کریں ۔



### اجنبی آدمی کے ساتھ کہیں نہ جائیں

اپنے گھر والوں کے سوا
کسی کا ساتھ نہ دیں ۔



### باہر جاتے وقت گھر والوں کو بتا کر جائیں

باہر جاتے وقت یہ بتا کرجائیں کہ
کہاں ، کس کے ساتھ اور کتنے
بجے تک کھیلنا ہے ۔



### خوف محسوس ہو تو مدد کے لئے اونچی آواز دیں


آپ کو ڈر لگ جائے تو
مدد کے لیے اونچی آواز
دیں۔



# جرائم کی روک تھام کے لیے آگاہی

سایتاما پریفیکچر پولیس کا مرکزی
کمیونٹی سیفٹی خنرلی افیئرز ڈویژن
TEL 048-832-0110

## سائکل چوری کرنے والے چوروں سے ہوشیار رہیں!!



ہمارے پریفیکچر میں سائکلیں کھری کرنے والی پارکنگ میں یا سڑک کے اوپر بھی سائکلیں کثرت سے چوری ہوتی ہیں۔ خاص کر سپورٹس ٹائپ کی سائکلیں زیادہ چوری ہوتی ہیں۔



## اپنی قیمتی سائکل کی چوری کے حفاظت کے لیے اقدامات کریں



### سڑک پر پکھڑی نہ کریں!!
### سائکل پارکنگ کا استعمال کریں




کیا آپ اس طرح سوچ کر سڑک پر سائکل کھڑی تو نہیں کرتے کہ تھوڑے وقت کی بات ہے !؟

سائکلوں کے لیے محفوظ پارکنگ میں کھڑی کریں۔

### سائکل پر قفل ضرورکریں!!




چوری شدہ آدھا سے زیادہ سائکلیں غیر مقفل ہوتی ہیں ۔

سائکل پر قفل ضرور کریں۔

# جرائم کی روک تھام کے لیے آگاہی

سائیتاما پریفیکچر پولیس کا مرکزی
کمیونٹی سیفٹی خنرلی افیئرز ڈویژن
TEL 048-832-0110

## گاڑی سے چیزیں چھوڑی کرنے والوں سے خبردار !!



ہمارے پریفیکچر میں گاڑی کے اندر رکھے ہوئے بیگ یا پرس کے علاوہ قیمتی الیکٹرک آلات وغیرہ کے چھوڑی ہونے کی وارداتیں کثرت سے رونما ہوتی ہیں۔




## ممکنہ وارداتوں سے بچنے کے لیے



### گاڑی کو اندر سے خالی کیجیے۔

گاڑی کے اندر قیمی اشیاء رکھ کر باہر نہ جائیے۔




### جب آپ گاڑی سے نکلیں تو ضرور گاڑی کو لاک کیجیے۔

تھوڑی دیر کے لیے بھی گاڑی سے باہر ہوں تو ضرور گاڑی کو لاک کیجیے۔




### سیکیورٹی کے لیے آلات بروئے کار لائیے۔



### اپنی گاڑی ایسی پارکنگ میں کھڑی کیجیے جہاں حفاظتی انتظامات موجود ہوں۔

اپنی گاڑی ایسی پارکنگ میں کھڑی کیجیے جہاں لائٹیں یا سی سی ٹی وی وغیرہ حفاظتی تنصیبات نصب ہوں۔



# جرائم کی روک تھام کے لیے آگاہی

سائیتاما پریفیکچر پولیس کا مرکزی
کمیونٹی سیفٹی خنرلی افیئرز ڈویژن
TEL 048-832-0110

## چھیڑخانی سے خبردار!!



ہمارے پریفیکچر میں رات گئے اکیلی گھر واپس جانے والی خواتین کے چھیڑخانی کا شکار ہونے کی وارداتیں کثرت سے رونما ہوتی ہیں۔



## ایسی وارداتوں سے بچنے کے لیے



### روشن اور بارونق راستے اختیار کیجیے



تنگ گلی وغیرہ جیسا ویلان راستہ خطرے سے خالی نہیں ۔

روشن اور بارونق راستوں پر جائیے۔

### حفاظتی الارم اپنے پاس رکھیے۔





حفاظتی الارم یا موبائل فون آن کر کے اپنے پاس رکھ لیجیے۔

### کوئی دوسرا کام کرتے ہوئے چلنا خطرناک ہے۔




ایئرفون سے گانا سنتے ہوئے یا موبائل فون استعمال کرتے ہوئے چلنا خطرناک ہے کہ ہو سکتا ہے کہ مشتبہ شخص پہچاننے میں دیر ہو جائے اس لیے ایسا مت کیجیے۔

# جرائم کی روک تھام کے لیے آگاہی

سائیتاما پریفیکچر پولیس کا مرکزی
کمیونٹی سیفٹی خنرلی افیئرز ڈویژن
TEL 048-832-0110

## چوروں سے گھر کی حفاضت!!





ہمارے پریفیکچر میں چوروں کے گھروں کے غیر مقفل کھڑکیوں وغیرہ سے گھر کے اندر گھس کر چوری کرنے کی وارداتیں کثرت سے رونما ہوتی ہیں۔




## چوروں سے محفوظ ہونے کے لیے



### کھڑکی پر دوہرا قفل لگائیں!!

دوسرا قفل نصب کرنے جیسا اقدام کر کے ڈبل لاک کریں۔



### گھر سے باہر جاتے ہوئے لاک کرنا نہ بھولیے!!

"گومی(کچرا)"باہر لے جانے جیسے تھوڑے وقت کے کام کے لیے بھی ضرور لاک کر کے جائیے ۔




### گھر میں موجود ہوتے ہوئے بھی لاک کرنا نہ بھولیے!!

چور گھر میں مکینوں کی موجودگی میں بھی کسی کمرے کو خالی پا کراندر گھس جاتے ہیں ۔ گھر میں موجودگی کے دوران بھی لاک کرنا نہ بھولیے ۔




### دوسری یا اس سے اوپر والی منزل پر واقع کمروں کو بھی لاک کرنا نہ بھولیے!!

چور کہیں سے بھی گھر میں گھس جاتے ہیں۔
دوسری یا اس سے اوپر والی منزل پر واقع کمروں کو بھی لاک کریں۔

